© rasailojaraid.com



دعاہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور آپ کو صبرِ جمیل کی توفیق بخشے ۔ آمین ۔

میں خود ناسازیِ طبیعت کی وجہ سے پہلے خط نہ لکھ سکا جس کے لیے معذرت خواہ ہوں ۔

## حضرت مولانا قاری شریف احمد صاحب
## کراچی مصنف تذکرۃ الانبیاء

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

۷ستمبر کی شب میں ریڈیو سے اور ۸ستمبر کی صبح اخبارات سے معلوم ہوا کہ اسوۃ الصلحاء یادگار اسلاف استاد الاساتذہ واقف اسرارِ شریعت شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک وفات پا گئے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

موت ہر متنفس کو اس کے مقررہ وقت پر آتی ہے اور اس سے کسی کو بھی مفر نہیں مگر بعض ہستیاں ایسی تاریخی ہوتی ہیں کہ ان کے کارناموں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا ۔ ایسے لوگ اپنی موت کے بعد لوگوں کے دلوں میں اپنی انمٹ یاد چھوڑ جاتے ہیں ۔ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہٗ کے بہت سے کارنامے ہیں جو ان کی تاریخ کا روشن باب ہیں ۔ ان میں زندہ جاوید کارنامہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا قیام ہے جو صرف رسمی دارالعلوم اور درسگاہ نہیں بلکہ یہ درس گاہ مجاہدین کی تربیت گاہ بھی ہے جس کے تربیت یافتہ علماء افغانستان کی جنگ میں مجاہدین کی قیادت اور ان کے شانہ بشانہ کفر کی اتنی بڑی طاقت سے معروف جنگ ہیں کہ اس طاقت نے مقابلہ سے عاجز آ کر میدانِ جنگ سے فرار میں اپنی عافیت سمجھی ۔

اسی طرح مولانا مرحوم اپنی ضعیفی اور بیماری کے باوجود نفاذِ شریعت کا جو جذبہ اور تڑپ اپنے دل میں رکھتے تھے اس کی شاہد قومی اسمبلی میں وہ تقریریں ہیں جو آپ نے اسمبلی میں فرمائیں جو دارالعلوم حقانیہ کے ترجمان ماہنامہ "الحق" میں محفوظ ہیں ۔ اس کے باوجود ایسی ہستیوں کی زندگی اور ان کا وجود زندہ لوگوں کے لیے بابرکت ہوتا ہے ۔ اس لیے ایسے حضرات کی وفات پر صدمہ فطری بات ہے اور ان کا صدمہ نہ صرف اعزہ اور احباب کو ہوتا ہے بلکہ اپنی جماعت سے تعلق رکھنے والوں کو بھی ہوتا ہے ۔ میرا شمار بھی ایسے ہی معتقدین میں ہے اور مولانا کے متعلقین کی طرح مجھے بھی صدمہ ہے ۔ میری خدا سے دعا ہے کہ حضرت کو درجاتِ عالیہ سے نوازے ، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل کی نعمت سے نوازے ۔ آمین

## جناب جاوید جبار صاحب
## وزیر مملکت اطلاعات ونشریات

دلی معذرت خواہ ہوں کہ آپ کے والد محترم کی وفات پر تعزیت کے لیے حاضر نہ ہو سکا اور نہ ہی بروقت اپنا پیغام تعزیت بھیج سکا ۔ وجہ یہ تھی کہ میں گذشتہ چند ہفتوں کے دوران اپنے چند فرائض کے سلسلے میں بیرونِ ملک رہا ۔ چونکہ میں آج ہی لوٹا ہوں اس لیے اس پیغام میں تاخیر کی معذرت چاہتا ہوں ۔

مرحوم کی وفات آپ کا ذاتی نقصان ہی نہیں ، ہم سب کا اجتماعی نقصان ہے کیونکہ مرحوم کا دم نہ صرف آپ کے لیے بلکہ پوری قوم کے لیے بڑا غنیمت تھا ۔ دین اور تبلیغ کے شعبوں میں انہوں نے تمام عمر جس تندہی سے کام کیا وہ ایک روشن اور قابلِ تقلید مثال ہے ۔ افسوس کہ اب وہ ہمارے ساتھ نہیں رہے مگر خدا تعالیٰ کی مرضی کے آگے ہم صرف سر ہی جھکا سکتے ہیں ۔

میں آپ کو پیش آنے والے اس صدمے کی شدت کو محسوس کرتا ہوں اور خود کو آپ کے غم میں برابر کا شریک پاتا ہوں ۔

اللہ تعالیٰ آپ کو حوصلہ دے کہ آپ اس عظیم سانحہ کو برداشت کر سکیں اور ہم سب کو توفیق بخشے کہ ہم مرحوم کی مخلصانہ خدمات اور کام کو آگے بڑھا سکیں ۔ آمین ۔

---

© rasailojaraid.com

